15/02/2026

09.25 AM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر مینمسرت شاہ

گُونگُل

شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچرل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی شالیمار میں3روزہ ایگری ٹیک کسان میلے" گُونگُل" جا ری ہے۔ میلے کا افتتاح وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کیا۔زرعی شعبے کو ترقی دینے میں جموں اور کشمیر کی زرعی یونیورسٹیوں کی ستائش کر تے ہوئے عمر عبداللہ نے کہا کہ حکومت زراعت اور اس سے منسلک شعبوں کو ترقی کی بلندیوں تک لیجانے کی وعدہ بند ہے۔

آج میلے کے دوسرے دن بھی کا فی تعداد میں عام لوگ اور کسان شرکت کر رہے ہیں، جو وہاں پیڑ پودے ، بیج اور دیگر سامان کی خریداری کے ساتھ ساتھ کاشتکاری کے جدید طور طریقوں کے بارے میں جانکاری حاصل کر رہے ہیں ۔

نائب وزیر اعلیٰ

نائب وزیر اعلیٰ سُریندر کمار چودھری نے بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں کی تعمیر کے کاموں کا معیار برقرار رکھنے پر زور دیا ہے۔

انہوننے راجوری ضلعے کے نوشیرہ علاقے میں کئی اہم زیر عمل پروجیکٹوں پر کام کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔

ہیرتھ

ملک بھر میں آج مہا شیو راتری کی دھوم ہے۔ جمونو کشمیر میں پنڈت برادری نے یہ تہوار کل ہی بطور ہیرتھ منایا۔ انہوننے اپنے گھروں میں وٹکپوجا کی۔

اس سلسلے میں شیو مندروں کو خاص طور پر سجایا گیا ہے۔ پنڈت برادری والے علاقوں میں کل سے ہیرتھ اور مہا شیو راتری کی کا فی گہما گہمی دیکھی جا رہی ہے۔

وہ تہوار کے دوسرے روز آج سلام پیش کر رہے ہیں، جس کے تحت وہ اپنے رشتہ داروں اور دوستوں میں نوید کے طور پر اخروٹ بانٹ رہے ہیں۔

مبارکباد

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ سمیت دیگر کئی اہم شخصیات نے عوام خاص طور پر پنڈت برادری کومہا شیو راتری اور ہیرتھ کی مبارکباد پیش کی ہے۔ مبارکبادی کے اپنے الگ الگ پیغامات میں انہوننے کہا ہے کہ یہ تہوار ہماری روحانی روایات اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کی ایک واضح علامت ہے۔

نائب وزیر اعلیٰ سُریندر کمار چودھری اور سبھی کا بینی وزراءنیز جمونو کشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی نے بھی مہا شیو راتری اور ہیرتھ کے موقعے پر عوام کےلئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا ہے۔

درخشاں

جمونو کشمیر وقف بورڈ کی چیرپرسن ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی نے آنے والے ماہ رمضان المبارک کے سلسلے میں فرزندانِ توحید کی طرف سے نماز تراویح اور دیگر خصوصی عبادات کےلئے تمام ضروری انتظامات مکمل کرنے کی ہدایت دی ہے۔

سرینگر میں بورڈ کے مرکزی دفتر میں منعقدہ ایک میٹنگ کے دوران انہوننے تمام اہم مساجد اور بقہ جات میں عبادت گزاروں کےلئے ہرطرح کی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے پر زور دیا۔

ACB

اینٹی کورپشن بیورو جموں کشمیر یوٹی سے رشوت خوری کاقلع قمع کرنے نیز رشوت خوروں کو کیفر کردار تک پہنچانے کے لئے ہر ممکن اقدامات کر رہا ہے تاہم اس بدعت کا مکمل طور سے خاتمہ کرنے کے لئے عوام کا تعاون کلیدی اہمیت کا حامل ہے ۔

ACB نے عام لوگوں کی سہولیات کیلئے ایک ہیلپ لائن بھی جاری کی ہے جس کا نمبر 9419678060 ہے ۔

ہاکی

جمونو کشمیر پولیس کی طرف سے منعقد کر دہ شہیدی یادگاری ہاکی ٹورنامنٹ اختتام پذیر ہو گیا ہے۔ ٹورنامنٹ کے فائنل میں شاہ باد ہاکی اکیڈیمی نے جموں وکشمیر پولیس ہاکی ٹیم کے خلاف ایک کے مقابلے میں تین گول سے جیت درج کی۔

فائنل مقابلے کا لطف شائقین کی ایک بڑی تعداد نے اُٹھایا جبکہ اس موقعے پر سینئر پولیس افسران بھی موجود تھے۔ جیتنے والی ٹیم کو3لاکھ86ہزار روپے کے نقد انعام سے نوازا گیا۔ اسکے علاوہ فاتح اور رنر اپ ٹیموں کو ٹرافیاں اور میڈل بھی عطا کئے گئے۔

کرکٹ

کرکٹ عالمی کپ2026 کے ایک میچ میں آج بھارت کا مقابلہ اپنے T-20 مردوں کے آئی سی سی روایتی حریف پاکستان سے ہو گا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق شام7بجے سے آر پریمہ داسا اسٹیڈیم میں کھیلاجائے گا۔

یہ دونوں ٹیمیں پہلے کھیلے گئے دو میچوں سے چار چار پوائنٹ کے ساتھ برابری پر ہیں، لہذا یہ دونوں ٹیمیں جیت کی سمت میں اپنی رفتار برقرار رکھنے کی کوشش کریں گی۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی صفر اعشاریہ 6ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت11 اعشاریہ1ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ

....

....

....